**السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ**

ذاکری کورس اس ہفتے اپنے آخری مرحلے میں داخل ہو گیا ہے۔

بارہویں ہفتے کے آخری تین دروس آج بھیجے جارہے ہیں۔

امید ہے آپ نے اس کورس سے بھرپور استفادہ کیا ہو گا ۔

کچھ دن بعد اس کورس کے اختتام سے متعلق چند معروضات آپکی خدمت میں بھیجی جائیں گی۔

والسلام انتظامیہ مدرسۃ القائمؑ

# اس ہفتے کے دروس

## عزاداری اور مجالسِ عزاء کو غیر الٰہی نیتّوں سے کیسے بچائیں؟

https://www.youtube.com/watch?v=LMpc7KY1CM0

https://vimeo.com/497015937

------------------------------------

## مجالسِ عزاء میں پیش کئے جانے والے اعتقادی موضوعات

https://www.youtube.com/watch?v=kmAMeK5FnYQ

https://vimeo.com/497016014

------------------------------------

## مجلس پڑھنے والوں کے لئے زبانی یادرکھنے والی لازمی چیزیں

https://www.youtube.com/watch?v=Nv_F4Deirfk

https://vimeo.com/497016075

# اس ہفتے کی پوسٹس کا حفظ

# حضرت عیسیٰؑ کی تعلیمات

## علم حاصل کرنے کا مقصد اپنی اصلاح ہونا چاہیے

حضرت عیسیٰؑ نے اپنے اصحاب سے فرمایا:

میں حق کی قسم کھا کر
تم سے کہتا ہوں کہ میں تمہیں
اِس لئے تعلیم دیتا ہوں کہ تم کچھ سیکھو
اِس لئے ہرگز تعلیم نہیں دیتا
کہ (علم حاصل کرکے)
خود پسندی میں مبتلا ہوجاؤ۔

(گفتارِ انبیاء۔ محمد مہدی تاج لنگرودی۔ صفحہ203)

00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

# حضرت عیسیٰؑ کی تعلیمات

## علماء سے دور رہنا
## دل کو سخت کر دیتا ہے

حضرت عیسیٰ علیہ السّلام نے فرمایا:

اے جنابِ یعقوب کی اولاد!
علماء کی بزم میں اُن سے نزدیک رہنے کی کوشش کرو
اگرچہ گھٹنوں کے بَل جانا پڑے کیونکہ خداوندِ عالم
حکمت و دانش کے نور سے مُردہ دلوں کو اُسی طرح
زندہ کر دیتا ہے، جس طرح موسلا دھار بارش کے ذریعہ
مُردہ زمینوں میں جان پڑ جاتی ہے۔

گفتارِ انبیاء۔ محمد مہدی تاج لنگرودی۔ صفحہ197

00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

# حضرت عیسیٰؑ نے اپنی قوم کو کیا تعلیم دی تھی۔؟

اور جب اللہ کہے گا کہ اے عیسٰی بن مریم کیا تم نے لوگوں سے یہ کہہ دیا ہے کہ اللہ کو چھوڑ کو مجھے اور میری ماں کو خدا مان لو.. تو عیسٰی نے عرض کی کہ تیری ذات بے نیاز ہے میں ایسی بات کیسے کہوں گا جس کا مجھے کوئی حق نہیں ہے۔؟

اور اگر میں نے کہا تھا تو تجھے تو معلوم ہی ہے کہ تو میرے دل کا حال جانتا ہے اور میں تیرے اسرار نہیں جانتا ہوں ۔تو ,تو غیب کا جاننے والا بھی ہے۔

میں نے ان سے صرف وہی کہا ہے جس کا تو نے حکم دیا تھا کہ میری اور اپنے پروردگار کی عبادت کرو اور میں جب تک ان کے درمیان رہا ان کا گواہ اور نگراں رہا۔پھر جب تو نے مجھے اٹھالیا تو تو ان کا نگہبان ہے اور تو ہر شے کا گواہ اور نگراں ہے۔۔

**سورہ مائدہ آیات 116، 117**

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
اپنی اولاد کو شیطان سے بچانے کیلئے عملی اقدامات
کے ساتھ ساتھ دعائیں بھی ضروری ہیں
حضرت مریمؑ کی پیدائش پر انکی والدہ نے فرمایا
وَإِنِّي سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَإِنِّي أُعِيذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ
اور میں نے اس کا نام مریمؑ رکھا ہے اور
میں اسے اور اس کی اولاد کو شیطان رجیم
سے تیری پناہ میں دیتی ہوں۔۔
سورہ آلِ عمران
آیت36
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
غیر مسلم افراد کی عیدوں پر مبارکباد
لیکن حرام و باطل کی ترویج سے بچتے ہوئے
آیت اللہ سعید الحکیم کا فتویٰ
سوال: غیر مسلموں کو ان کی عیدوں پر
مبارکباد دینا کیسا عمل ہے۔؟
جواب : اس حد تک کوئی حرج نہیں ہے جتنا معاشرے میں
اچھے روابط رکھنے کے لئے ضروری سمجھا جائے۔ لیکن ان چیزوں
میں بہت زیادہ ڈوبنا بھی نہیں چاھئے بلکہ اگر باطل چیزوں کی
ترویج لازم آئے تو حرام بھی ہوجائے گا۔۔
www.alhakeem.com/ar/questions/28/3
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim







# مہدی علیہ السلام

## حضرت امامِ زمانہؑ آج بھی حضرت عیسیٰؑ کے امام ہیں

حضرت امامِ زمانہؑ کی زیارت کا ایک جملہ ہے کہ

**اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يا إِمامَ الْمَسيحِ**

**اے مسیحؑ کے امامؑ -- آپ پر سلام ہو**

آقائے سیّد مرتضیٰ مجتہدی سیستانی، صحیفہ مہدیہؒ، صفحہ 578 پر فرماتے ہیں کہ

یہ امامت و رہبری امام مہدیؑ کے ظہور کے پر شکوہ زمانے سے مخصوص نہیں بلکہ اس وقت بھی حضرت عیسیٰؑ اپنے اس عظیم مقام کے باوجود امام مہدیؑ کی امامت و رہبری کی اتباع اور انکے نقشِ قدم پر گامزن ہونے پر افتخار کرتے ہیں۔۔

آثار و برکات توسّل به امام زمان عجّل اللہ تعالی فرجه الشریف: 179

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

# امام زمانہؑ میں انبیاءؑ کی خصوصیات و صفات

## حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

عَنْ سَلْمَانَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ص الْأَئِمَّةُ بَعْدِی اثْنَا عَشَرَ عَدَدَ شُهُورِ الْحَوْلِ وَ مِنَّا مَهْدِيُّ هَذِهِ الْأُمَّةِ لَهُ هَيْبَةُ مُوسَى وَ بَهَاءُ عِيسَى وَ حُكْمُ دَاوُدَ وَ صَبْرُ أَيُّوبَ.

میرے بعد سال کے بارہ مہینوں کے برابر بارہ امام ہونگے اور اِس اُمت کا مہدیؑ بھی ہم سے ہی ہوگا جس میں یہ سب موجود ہوگا:

**موسیٰؑ کی ہیبت**

**عیسیٰؑ کی عزت و زیبائی**

**داودؑ کی قضاوت**

**ایوبؑ کا صبر**

امام مہدی

صاحب الزمانؑ مہدی




(منتخب الاثر فی الامام الثانی عشر، صافی گلپایگانی، ج1، ص50)

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تعلیمات

## حضرت عیسیٰؑ کے حواریوں سے افضل کون۔؟

علامہ طبرسیؒ تفسیر مجمع البیان میں لکھتے ہیں :

حواری ، حضرت عیسیٰؑ کے ساتھ سفر کرتے تھے ۔جب ابھی انہیں بھوک یا پیاس لگتی ، حکمِ خدا سے آب و غذا ان کیلئے مہیا ہو جاتا ۔وہ اسے اپنے لئے عظیم افتخار اور بڑا اعزاز سمجھتے۔ وہ حضرت عیسیٰؑ سے پوچھتے : کیاہم سے بڑھ کر بھی کوئی افضل و بالاتر ہے ۔ تو حضرت عیسیٰؑ فرماتے : ہاں ،

افضل منکم من یعمل بیده ویأکل من کسبه

وہ شخص تم سے افضل ہے جو اپنے ہاتھ سے کماتا ہے اور اپنی کمائی کھاتا ہے۔اس کے بعد وہ لوگوں کے کپڑے دھوتے تھے۔یوں عملاً انہوں نے سب لوگوں کو درس دیا کہ کام اور کوشش کرنا ننگ و عار نہیں ہے۔۔

(تفسیر نمونہ، جلد2، صفحہ 657)

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

# حضرت عیسیٰؑ کی انگوٹھی کا نقش

طوبی لعبد ذکر اللہ من اجلہ
ویل لعبد نسی اللہ من اجلہ

امام علی رضاؑ نے فرمایا

حضرت عیسیٰؑ کی انگوٹھی کا نقش دو حروف تھے جو انجیل سے مشتق تھے:

خوشخبری ہے اُس بندہ کیلئے
جس کو دیکھنے سے خدا یاد آجائے اور
عذاب ہے اُس شخص کیلئے
جس کو دیکھنے سے خدا یاد نہ آئے۔۔

(بحارالانوار جلد۱۱)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

## اللہ، رسولؐ و فاطمہؑ کو اذیت دینے والوں کیلئے رسوا کن عذاب ہے

معتبر کتابوں منجملہ صحاح ستہ میں یہ حدیث موجود ہے کہ پیغمبرؐ نے فرمایا:

فاطمہؑ میرا ٹکڑا ہے جس نے اس کو تکلیف پہنچائی اس نے مجھے تکلیف پہنچائی، اسے غضبناک کیا اس نے مجھے غضبناک کیا، جس نے مجھے غضبناک کیا اس نے خدا کو غضبناک کیا۔۔

(صحیح بخاری، کتاب بدء الخلق، باب مناقب اقرباء رسول خداؐ، مناقب حضرت زہرا؛ صحیح ابی داود، ج12، باب مکروہات جمع میان زنان؛ صحیح مسلم، کتاب فضائل الصحابه، باب فضائل حضرت زہرا؛ صحیح ترمذی، ج2، ص319 باب فضیلت فاطمه)

آیت اللہ سید عبدالحسین امینی نے 'الغدیر' ج7، ص232 پر اسی حدیث کو ساٹھ معتبر علمائے اہل سنت سے نقل کیاھے۔

---

خدا و رسولؐ کو غضبناک کرنے اور اذیت دینے کے سلسلے میں ارشاد الٰہی ہے:

یقیناً جو لوگ خدا اور اس کے رسولؐ کو ستاتے ہیں ان پر دنیا اور آخرت میں خدا کی لعنت ہے اور خدا نے ان کے لئے رسوا کن عذاب مہیاّ کر رکھا ہے۔۔ (سورہ احزاب، آیت 57)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim
youtube.com/madrasaalqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

یا فاطمۃ الزہرا یا بنت محمد یا قرۃ عین الرسول

# امیرالمومنین علیہ السلام کی زبان سے مظلومیتِ حضرت زہرا علیہا السلام کا بیان

امام علیؑ نے فاطمہؑ کی تدفین کے بعد قبر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مخاطب ہو کر فرمایا

اے رسولؐ خدا، فاطمہؑ کے بعد آسمان و زمین بدصورت معلوم ہوتے ہیں اور کبھی بھی میرے دل کا غم ہلکا نہیں ہو رہا ہے۔ میری آنکھیں نیند سے نا آشنا ہیں اور میرا دل سوز غم سے جل رہا ہے، جب تک کہ خدا مجھے آپ کے جوار میں بسا دے۔ زہراؑ کا انتقال ایک دھچکا تھا جس نے میرے دل کو تھکا دیا اور میرے غم کو پیہم بنایا؛ اور کس قدر جلد اس نے ہمارے اجتماع کو انتشار سے دوچار کیا۔ میں خدا ہی سے شکایت کرتا ہوں اور آپ کی بیٹی کو آپ کے سپرد کرتا ہوں وہ آپ کو بتا دیں گی کہ آپ کی امت نے ان پر کیا مظالم ڈھا دیئے۔ جو کچھ آپ جاننا چاہتے ہیں ان سے پوچھیں اور جو کہنا چاہتے ہیں ان سے کہہ دیں! تاکہ وہ اپنے دل کے راز آپ کے لئے کھول دیں، اور جو خون انھوں نے پی لیا ہے وہ باہر آجائے اور خدا۔ جو بہترین قاضی اور حکم کرنے والا ہے۔ ان اور ظالموں کے درمیان فیصلہ کرے... خدا گواہ ہے کہ آپ کی بیٹی خفیہ طور پر دفنائی جا رہی ہیں۔ اب آپ کے وصال کے چند ہی روز گذرے ہیں، اور آپ کا نام ابھی زبانوں سے محو نہیں ہوا ہے کہ ان کا حق لوٹ کر لے گئے اور ان کی میراث کو کھا گئے۔۔(شهیدی، زندگانی فاطمه زهراء، صفحات160-159)







MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

اللهم العن اول ظالم ظلم حق محمد و آل محمد

# منکرِ زیارتِ عاشورا و مظلومیتِ حضرتِ زہرا علیہا السلام کے پیچھے نمازِ جماعت صحیح نہیں ہے

## آیت اللہ میرزا شیخ جوّاد تبریزیؒ



لابد من أعادتها بعد ذلك فرادى أو بجماعة أخرى والله العالم.

(٢٨٢) هل صحيح أنه صدر ضمن فتاوى سماحتكم أنه لاتجوز الصلاة خلف إمام لا يعترف بزيارة عاشوراء أو خلف إمام يدافع عن شخص ينكر مظلومية الزهراء عليها السلام؟

بسمه تعالى **نعم هذا صحيح لأن إنكار ما هو مسلم عند الطائفة يخرج الإنسان عن صلاحيته لإمامة الجماعة.**

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# یا فاطمة الزہرا یا ابنت محمد یا قرة عین الرسول

## منکرِ مظلومیتِ حضرتِ فاطمة الزہرا علیہا السلام کون ہے۔؟

## آیت اللہ حافظ شیخ بشیر حسین نجفی کا فتوی

آیت اللہ حافظ شیخ بشیر حسین نجفی کے فتوی میں مظلومیتِ حضرت زہراؑ کا منکر، ان کے پسلی ٹوٹنے اور حضرت محسنؑ کی شکمِ مادر میں شہادت وغیرہ کا منکر اور اس میں شک ڈالنے والا یا تو ان واضح امور سے جاہل ہے یا متعصّب بن کر ڈھٹائی پر مصر ہے۔ خدا ایسے شخص کے تصرّفات اور عقائد اپنانے سے تمام مومنین کو محفوظ فرمائے اور وہی صالح لوگوں کا ولی و سرپرست ہے۔۔

بسم الله الرحمن الرحيم

سماحة آية الله الشيخ بشير النجفي دام ظله

السلام عليكم

و بعد :

ما هو نظركم في الروايات التي تعرضت الى مالاقته أمّ الائمة فاطمة الزهراء صلوات الله عليها من ممارسات تعسفية على أيدي الحاكمين مثل كسر ضلعها و اسقاط جنينها المسمى بمحسن بن علي صلوات الله عليهما و لطمها على خدها و منعها من البكاء الذي اشتد عليها في ليلها و نهارها بعد فقد أبيها رسول الله صلّى الله عليه و آله و ما الى ذلك . و الحمد لله رب العالمين .

جمع من طلبة الحوزة العلمية

بسمه سبحانه

منكر الامور المذكورة او المرتاب فيها اما جاهل مستعمي او متجاهل متحامق او ناصب معاند وقى الله المؤمنين تبعات تصرفاتهم و معتقداتهم انه ولي الصالحين .

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

مدرسة القائم

+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim

# آیت اللہ سیّد محمد حسینی شاہرودی کا فتویٰ

## کیا شہادتِ حضرت فاطمۃ الزہراء علیہا السلام فقط ایک تاریخی واقعہ ہے۔؟



سوال: کیا یہ ضروری ہے کہ ہم، حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام کے مصائب سے متعلق دل سے عقیدہ رکھیں، اور کیا یہ عقیدہ شیعہ عقائد کا لازمی حصّہ ہے اس طرح سے کہ اگر ہم یہ عقیدہ نہ رکھتے ہوں کہ حضرت زہرا علیہا السلام کا بچہ سقط ہوا اور دروازہ کی میخ آپ علیہا السلام کے سینۂ اقدس میں پیوست ہوئی یا یہ مطالب اور باتیں صرف تاریخی حادثات اور واقعات کی حدّ تک قابل اعتبار ہیں۔؟

جواب: جی ہاں! جو مصائب آپ علیہا السلام پر ڈھائے گئے ہیں، شیعہ مذہب کے عقائد اور اہل بیت علیہم السلام کی ولایت کی ضروریات میں سے ہیں اور محض ایک تاریخی حادثہ اور واقعہ نہیں ہے ۔۔۔۔۔۔۔

حضرت زہرا علیہا السلام کے مصائب ایک انفرادی واقعہ اور ذاتی مسئلہ نہیں ہے بلکہ یہ اہم ترین اسلامی اور اعتقادی مسائل میں سے ہے۔۔

http://www.shahroudi.com/portal.aspx?PID=71198&PageSize=10&CULTCURE=Urdu&PageIndex=4


+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

آزاد لوگوں کی عبادت
اللهم صل علی محمد و آل محمد
حضرت امیرالمومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا
یقیناً کچھ لوگوں نے اللہ کی عبادت بطور شکر انجام دی
(یہی) آزاد لوگوں کی عبادت ہے۔
(تجلیاتِ حکمت۔صفحہ 135۔باب:آزادی)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim

اللہ کون سے اعمال
قبول کرتا ہے؟
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے فرمایا
تم اپنے اعمال کو خدا کیلئے خالص کرو کیونکہ
خدا صرف اُس چیز کو قبول کرتا ہے
جو کہ اس کیلئے خالص ہو جاتی ہے۔
میزانِ حکمت۔ جلد 3۔ صفحہ 61
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# اولاد کے بلوغ کے بعد شادی میں بہت تاخیر نہ کیجئے

حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

باپ پر بیٹے کا حق یہ ہے کہ اُس کا اچھا نام رکھے
بالغ ہو جائے تو اُس کی شادی کرے
اور اُسے لکھنا سکھائے۔(میزانِ حکمت۔ج10۔ص720)

اولاد کے والدین پر حقوق
ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا:
میرے بیٹے کا مجھ پر کیا حق ہے؟
آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
اُس کا اچھا نام رکھو..... ادب سکھاؤ
اور اسے صحیح جگہ رکھو۔
(میزانِ حکمت۔ج10۔ص720)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# تشیعِ جنازہ میں کس کس نے شرکت کرنی ہے؟
# دفن کے بارے میں...
# قبر کو مخفی رکھنے کے بارے میں وصیّت

امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے کہ حضرت زہراؑ نے حضرت علیؑ سے فرمایا:

اُس وقت کہ جب میں دنیا سے رخصت ہو جاؤں
ہر کسی کو اطلاع نہ دینا
مگر (عورتوں میں سے) اُمّ سلمہؓ و اُمّ ایمنؓ و فضّہؓ کو اطلاع دینا
اور میرے بیٹوں میں سے حسنؑ و حسینؑ

اور عباسؓ ، سلمانؓ ، عمارؓ ،
مقدادؓ ، ابا ذرؓ اور حذیفہؓ.....
مجھے فقط رات کو دفن کرنا
اور کسی کو خبر نہ دینا۔

(دلائل الامامة طبری 44۔ صفحہ
بحار الانوار۔ جلد 78۔ صفحہ 310)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا

رشتہ داروں سے الگ ہو کر رہنا بلاؤں میں گرفتار ہونے کا سبب ہے۔

(تجلیاتِ حکمت۔باب:انتقام۔صفحہ 54)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

رشتہ داروں کے حقوق ادا کرنے کے فوائد
امیرالمومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا
صلہ رحم نعمت کے نزول
اور سزاؤں کو
دفع کرنے کا باعث ہوتا ہے۔
(تجلیاتِ حکمت۔باب:انتقام۔صفحہ54)
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# مظالم وشہادتِ حضرت فاطمہ زہراؑ پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گواہی

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ نے فرمایا:

**ملعون ہے ملعون ہے جو میرے بعد میری بیٹی فاطمہ علیہا السلام پر ظلم کرے گا اور اس کا حق غصب کرے گا اور اُسے قتل کرے گا۔۔**

(کنزالفوائد۔ 64،63)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

کفرانِ نعمت
حضرت امیرالمومنین امام علی علیہ السّلام نے فرمایا
کفرانِ نعمت سے دور (رہو)
ورنہ بلائیں تم پر نازل ہوں گی۔
(تجلیاتِ حکمت۔باب:انتقام۔صفحہ 54)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim

کم ہو یا زیادہ؟
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
حضرت امیرالمومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا
کم دینے سے شرم نہ کرو
کیونکہ محروم رکھنا
اس سے بھی کم ہے۔
تجلیاتِ حکمت۔صفحہ134۔باب:حرمان
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# کیا آپ مجھ سے راضی ہیں؟

حضرت فاطمہؑ نے حضرت علیؑ سے وصیّت میں فرمایا:

اے میرے چچازاد! میں آپ سے راضی ہوں، آیا آپ بھی مجھ سے راضی ہیں؟

اور خدا کی دی ہوئی طاقت سے آپ کی خدمت کی

اور اسی توانائی اور قوّت سے دنیاوی اُمور میں آپ کی مدد کی (مثلاً گھریلو اُمور وغیرہ)۔

**اور رات میں مشک کو پانی سے بھرا اور ان تمام اُمور کے باوجود**

**اگر آپ کا حق ادا نہیں کرسکی تو اس کا اعتراف کرتی ہوں**

**پس جو سفر اب درپیش ہے اس میں ہلکا بار رکھنے والے کے سوا**

**اور کوئی راستہ طے نہ کرسکے گا**

**(یعنی جس نے قطعاً گناہ نہ کیا ہو گا وہ پلِ صراط سے باآسانی گزر جائے گا۔**

اس وقت علیؑ گریہ کرنے لگے اور فرمانے لگے اے مصطفیٰ ﷺ کی بیٹی!

اے خواتین کی سردار، میری جان آپ پر فدا ہو

اے بشیر و نذیر کی بیٹی،

اے اسکی بیٹی جس کو عالمین کے لئے رحمت بنا کر بھیجا

اس وقت حضرت زہراؑ حضرت علیؑ کی خوشنودی سے آگاہ ہوگئیں۔



**(کتاب: تبرالمذاب)**

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# مظلوم کی آہ سے ڈرو

امیرالمومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا

پرچمِ ظلم کے نیچے رہنے والے قوی (انسان) کے مقابلے میں
پرچمِ انصاف تلے رہنے والے کمزور (شخص) سے زیادہ ڈرو
کیونکہ (اسکی) مدد اِس طرح سے ہوتی ہے
کہ وہ خود بھی نہیں سمجھ پاتا
اور اُس کا گھاؤ مندمل بھی نہیں ہوتا۔

(تجلیاتِ حکمت ۔ صفحہ 56)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

نعمتوں کے چھن جانے کی دو بڑی وجوہات
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
حضرت امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا
ظلم اور خدا کی نافرمانی سے بچو
کیونکہ یہ سزا کا باعث ہوتا ہے
نعمتوں کو سلب کرتا ہے
اور حالات کو بدتر بنانے کا سبب ہوتا ہے۔
(تجلیاتِ حکمت۔باب:انتقام۔صفحہ54)
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# ہرِ عمل قربۃً الی اللہ ہونا چاہیئے

امیرالمومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا

اُس شخص نے
خود کو ضائع کر دیا
جس کا مقصد اللہ کے علاوہ
کچھ اور ہو۔

(میزانِ حکمت۔ جلد 3۔ صفحہ 62)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

یتیموں اور ملازموں سے بُرا سلوک کرنے کا نقصان
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
حضرت امیرالمومنین امام علی علیہ السّلام نے فرمایا
یتیموں اور کنیزوں پر ظلم
نزولِ عقوبت اور
نعمت کے چِھن جانے کا سبب ہے۔
(تجلیاتِ حکمت۔باب:انتقام۔صفحہ54)
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# مظلومیتِ حضرت فاطمۃ الزہرا علیہا السلام کے ثبوت پر معتبر روایات موجود ھیں
## --- آیت اللہ سیّد محمد صادق الروحانی ---

سوال: ہم چاہتے ہیں کہ آپ ہماری ان معتبر روایات کی طرف راہنمائی فرمائیں جو جناب سیدہ سلام اللہ علیہا (میری جان بی بی سلام اللہ علیہا پر قربان) کے پہلو شکستہ ہونے کے بارے میں ہیں، ہم آپ کے شکر گزار ہوں گے۔

جواب: اس اللہ کے نام سے جس کے تمام اسمائے گرامی جلیل القدر ہیں۔میں گمان نہیں کرتا کہ جس شخص نے علماء کے اقوال اور روایات میں جستجو کی ہو وہ اس مسئلہ میں کسی قسم کے شک و تردید کا شکار ہو۔ میں اس مقام پر بعض روایات آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔

1۔ محمد بن یعقوب کلینیؒ صحیح سند کے ساتھ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے جناب زہراء سلام اللہ علیہاکی ولادت کے باب میں روایت کرتے ہیں کہ امام علیہ السلام فرماتے ہیں: بے شک فاطمہ سلام اللہ علیہا صدیقہ اورشہیدہ ہیں .علامہ مجلسیؒ اپنی کتاب مرآۃ العقول فی شرح اِخبار آل الرسول کی پانچویں جلد صفحہ نمبر 315 پر اس روایت کو بیان کرنے کے بعد فرماتے ہیں کہ یہ روایت دلالت کرتی ہے کہ جناب زہراء سلام اللہ علیہا شہیدہ تھیں اور یہ مطلب تواتر کے ساتھ ثابت ہے اور بی بی سلام اللہ علیہا کی شہادت کا سبب یہ تھا کہ انہوں نے جب بی بی سلام اللہ علیہا کا حق غصب کیاتو قنفذ جو عمر کا غلام تھا اس نے جناب سیدہ سلام اللہ علیہا کے شکم مبارک پر ضربت لگائی جس سے ان کا پہلو شکستہ ہوگیا اور اسی ضربت کی وجہ سے بی بی سلام اللہ علیہا کا بچہ ساقط ہوا جس کا اسم گرامی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے محسنؑ رکھا تھا پس اسی ضربت کی وجہ سے بی بیؑ بیمار پڑ گئیں اور ان کی وفات ہوئی۔

اس کے بعد علامہ مجلسیؒ اپنے اس مطلب کی تایید میں جو انہوں نے حدیث کی شرح میں ذکر کیا علمائے اہل سنت اور شیعہ کی کچھ روایات ذکر کرتے ہیں۔ان روایات میں سےایک طویل روایت سلیم بن قیس ھلالی کی ہے جس آیا ہے کہ قنفذ نے بی بی سلام اللہ علیہا کو ضربت لگائی اورانہیں دھکیلا جس سے بی بی سلام اللہ علیہا کا پہلو شکستہ ہوا اور بچہ ساقط ہوا۔

# آخرت کا لعنتی و بدترین گھر۔۔۔کس کا؟

اور جو لوگ عہدِ خدا کو توڑ دیتے ہیں
اور جن سے تعلقات کا حکم دیا گیا ہے ان سے تعلقات قطع کر لیتے ہیں
اور زمین میں فساد برپا کرتے ہیں اُن کیلئے لعنت اور بدترین گھر ہے۔

(سورۃ الرعد۔آیت 25)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# بسترِ شہادت پر
# حضرتِ فاطمہ زہراؑ کی
# وصیّت سے اقتباس

میں وصیّت کرتی ہوں اے میرے چچازاد!
میرے لئے ایسا تابوت بنانا جس کی تعریف ملائکہ نے مجھ سے کی ہے۔
پھر فرمایا: میں آپ کو وصیّت کرتی ہوں کہ ہر وہ شخص جس نے مجھ پر ظلم کیا،
میرے حق کو غصب کیا، وہ میرے جنازے میں حاضر نہ ہو۔
پس یقیناً وہ میرے اور رسولؐ اللہ کے دشمن ہیں
اور ہرگز وہ لوگ میری نمازِ جنازہ میں حاضر نہ ہوں
اور مجھے رات کے وقت دفن کرنا اس وقت کہ جب آنکھیں سوگئی ہوں
(جب مدینہ کے تمام لوگ سوگئے ہوں)۔

(روضة الواعظين وبصيرة المتعظين
جلد1۔صفحہ151)

00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

# حضرت علیؑ کو بچوں کے بارے میں اور تجہیز (کفن دفن) کے بارے میں وصیّت

حضرت فاطمہ زہراؑ کی بیماری بہت شدید ہوگئی
تو حضرت علیؑ گھر میں داخل ہوئے کہ امام حسنؑ
اور امام حسینؑ، حضرت فاطمہ زہراؑ کے نزدیک تھے
اِس حال میں کہ گوسفند کی کھال کا تکیہ سر کے نیچے تھا
اور اونٹ کے بالوں کا بستر تھا اور زبان پر ذکرِ الٰہی تھا لیکن کسی طور پر آرام نہیں آرہا تھا۔

فرماتی ہیں! اے میرے چچازاد! اے درِ شہرِ علمِ پیامبرؐ، اے میرے دنیا و آخرت کے ہمسر اے پاک و طاہر کے فرزند، میں آپ کو وصیت کرتی ہوں حسنؑ وحسینؑ کے بارے میں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آنکھوں کی ٹھنڈک تھے، اسوقت فراق کا غم دونوں کو پہنچے گا۔

کیونکہ بہت جلد ان کی ماں ان کے درمیان سے گزر جائے گی
ان دونوں کو قبر کی زیارت سے منع نہ کرنا
اس لئے کہ میرا دل اِن دونوں کے ساتھ ہے۔ (کتاب: تبر المذاب)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# حضرت علیؑ کو کفن دفن
# اور بچوں کے بارے میں
# حضرت فاطمہ زہراؑ کی وصیّت

حضرت امام صادقؑ اپنے والد حضرت امام محمد باقرؑ سے روایت کرتے ہیں کہ اسوقت کہ جب
حضرت فاطمہ زہراؑ حالت احتضار (جانکنی کی حالت) میں تھیں تو امیر المومنینؑ کو وصیّت فرمائی کہ:
اُس وقت کہ جب میں دنیا سے گزر جاؤں تو آپؑ خود مجھ کو غسل دینا، کفن دینا، نماز پڑھنا
خود قبر میں رکھنا، لحد بنانا اور مجھ پر لحد میں خاک ڈالنا
اور میرے سرہانے چہرے کے سامنے بیٹھنا اور بہت زیادہ قرآن پڑھنا اور دعا کرنا
پس یہ وہ وقت ہوتا ہے کہ جب مُردہ زندوں سے زیادہ اُنس رکھتا ہے
اور میں آپ کو خدا کے سپرد کرتی ہوں اور وصیّت کرتی ہوں کہ بچوں کے ساتھ بہتر برتاؤ کرنا۔

اس کے بعد فاطمہ زہراؑ نے اُمّ کلثومؑ کو سینہ سے لگایا اور اُن کے بارے میں
حضرت علیؑ سے فرمایا: جب یہ حدّ بلوغ تک پہنچ جائے تو
گھر کے تمام کام اسکے سپرد کرنا اور خدا اسکا حامی و ناصر ہے۔

(بحارالانوار۔جلد79۔صفحہ28)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

# خاتونِ جنّتؑ کے دفن کے موقع پر امیرالمومنین امام علیؑ نے فرمایا:

یا رسول اللہ ﷺ آپؐ کو میری جانب سے اور آپؐ کے پڑوس میں اُترنے والی اور آپؐ سے جلد ملحق ہونے والی آپؐ کی بیٹی کی طرف سے سلام ہو۔
یا رسول اللہ ﷺ آپؐ کی برگزیدہ (بیٹی کی رحلت) سے میرا صبر و شکیب جاتا رہا میری ہمّت و توانائی نے ساتھ چھوڑ دیا لیکن آپ کی مفارقت کے حادثۂ عُظمیٰ اور آپؐ کی رحلت کے صدمہُ جانکاہ پر صبر کر لینے کے بعد مجھے اس مصیبت سے بھی صبر و شکیبائی ہی سے کام لینا ہو گا جبکہ میں نے اپنے ہاتھوں سے آپؐ کو قبر کی لحد میں اُتارا اور اس عالم میں آپ کی روح نے پرواز کی جب آپ کا سر میری گردن اور سینے کے درمیان رکھا تھا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ

اب یہ امانت پلٹائی گئی، گروی رکھی ہوئی چیز چھڑالی گئی لیکن میرا غم بے پایاں اور میری راتیں بے خواب رہیں گی یہاں تک کہ خداوندِ عالم میرے لئے بھی اس گھر کو منتخب کرے جس میں آپ رونق افروز ہیں۔ وہ وقت آ گیا کہ آپؐ کی بیٹی آپؐ کو بتائیں کہ کس طرح آپؐ کی اُمّت نے اُن پر ظلم ڈھانے کے لئے ایکا کر لیا آپؐ اُن سے پورے طور پر پوچھیں اور تمام احوال و واردات دریافت کریں یہ ساری مصیبتیں اُن پر بیت گئیں حالانکہ آپؐ کو گزرے ہوئے کچھ زیادہ عرصہ نہیں ہوا تھا اور نہ آپ کے تذکروں سے زبانیں بند ہوئی تھیں۔

آپ دونوں پر میرا سلام، جو کسی ملول و دل تنگ کی طرف ہوتا ہے اب اگر میں (اس جگہ سے) پلٹ جاؤں تو اس لئے نہیں کہ آپ سے میرا دل بھر گیا ہے اور اگر ٹھہرا رہوں تو اس لئے نہیں کہ میں اس وعدہ سے بدظن ہوں جو اللہ نے صبر کرنے والوں سے کیا ہے۔

نہج البلاغہ
خطبہ 200

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# صدّیقہ کو صدّیق ہی غسل دے سکتا ہے

مفضّلؒ بن عمرو کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادقؑ سے دریافت کیا کہ
کس نے حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا کو غسل دیا تھا؟

حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا: حضرت امیرالمومنین امام علیؑ نے۔

مفضّلؒ کہتے ہیں کہ یہ جواب سُن کر مجھے کچھ عجیب سا محسوس ہوا
گویا میں نے اسے بعید جانا تو حضرت امام جعفر صادقؑ نے مجھ سے فرمایا:

گویا میں نے جو تجھے خبر دی ہے وہ تجھے ہضم نہیں ہو رہی؟

مفضّلؒ نے کہا میں آپؑ پر قربان جاؤں ایسا ہی ہے۔

حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا: دل تنگ نہ ہو کیونکہ
حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا صدیقہ تھیں اور اُنہیں سوائے صدّیق کے
کوئی اور غسل نہیں دے سکتا تھا کیا تم نہیں جانتے
کہ مریم سلام اللہ علیہا کو
سوائے عیسیٰؑ کے کسی نے غسل نہیں دیا۔

(أصولِ الکافی (ط۔ الاسلامیۃ)
جلد1۔ صفحہ 459)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

www.facebook.com/madrasatulqaaim